رہبر معظم انقلاب اسلامی کا ایشیئن پیرا گیمز میں ایرانی کھلاڑیوں کی کامیابی پر تہنیتی پیغام - 25 /Oct/ 2014

اسلامی جمہوریہ ایران کے جانباز اور معذورکھلاڑیوں کے قافلہ کی جنوبی کوریا کے اینچؤن کے ایشین پیرا گیمز میں شاندار کامیابی کے پیش نظر قومی پیرا اولمپک کمیٹی کے سربراہ جناب خسروی وفا نے جنوبی کوریا میں 2014 کےایشین پیرا مقابلوں میں ایرانی کھلاڑیوں کی جانب سے شاندار کامیابی اور 120 میڈل حاصل کرنے پررہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای کو ایک خط میں مبارک باد پیش کی ہے۔

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے قومی پیرا اولمپک کمیٹی کے سربراہ کے خط کے جواب میں فرمایا: آپ عزیزوں کی ان مایہ ناز اور قابل فخر کامیابیوں پر بہت خوشی ہوئي اورآپ سب عزیزوں کوسلام پیش کرتاہوں۔

رہبر معظم انقلاب اسلامی کے پیغام کا متن حسب ذیل ہے:

بسمہ تعالی

آپ عزیزوں کی مایہ ناز اور قابل فخر کامیابیوں پر بہت خوشی ہوئیاور تمام میدانوں میں جوانوں کی ہمت اور عزم کے ساتھ اسی قسم کے گرانقدر نتائج حاصل ہوسکتے ہیں۔ آپ سب جوانوں کو سلام پیشکرتاہوں، معنویات کے ساتد قلبی لگاؤ کی قدر کیجئے، اللہ تعالی آپ کا حامی اور مددگار ہے۔

سید علی خآمنہ ای

3/آبان / 1393